Department of Education

عزیزی اہلِ خانہ،

کیا آپکا 2019 میں پیدا ہونے والا کوئی بچہ ہے؟ **14 اپریل، 2022** تک 3-K میں درخواست دینا نہ بھولیں! آپ آن لائن MySchools.nyc پر یا بذریعہ فون **718-935-2009** پر یا خاندانی استقبالیہ مرکز کے ذریعے درخواست دے سکتے ہیں۔

کیا آپ کو معلوم ہے نیو یارک شہر کے 3-K کے پروگرامز **چار مختلف پروگرام ترتیبوں** میں پیش کیے جاتے ہیں؟ تمام ترتیبیں ہمارے شہر کے تین سالہ بچوں کے لیے ایک جیسے مکمل دن، اعلیٰ معیار کے 3-K نصاب کی پیشکش کرتی ہیں۔ آپ پروگراموں کی تمام ترتیبوں میں درخواست دے سکتے ہیں:

- **نیویارک شہر ابتدائی تعلیم مراکز (NYCEECs)۔** یہ ابتدائی طفولیت میں مہارت کی حامل برادری پر مبنی تنظیمیں 3-K کی پیشکش کرنے کے لیے محکمئہ تعلیم (DOE) کے ساتھ شراکت کرتی ہیں۔
- **ضلعی اسکول۔** محکمئہ تعلیم کے چند پبلک الیمنٹری اسکول 3-K کی پیشکش کرتے ہیں۔
- **پری کنڈرگارٹن مراکز۔** یہ محکمئہ تعلیم کے ابتدائی طفلی مراکز ہیں جو صرف کنڈرگارٹن سے نیچے کے گریڈز کی پیشکش کرتے ہیں۔
- **فیملی چائلڈ کئیر۔** یہ پروگرامز ایک گھر پر مبنی ترتیب میں لائسنس یافتہ، اہل نگہداشت فراہم کنندگان کے ذریعے 3-K کی پیشکش کرتے ہیں۔

ایک 3-K پروگرام **تین اقسام کی 3-K نشستوں** تک کی پیشکش کر سکتا ہے:

- **کُل دن کے لیے نشستیں** مفت ہیں اور تعلیمی سال کے دوران ایک دن میں 6 گھنٹے اور 20 منٹ کی ابتدائی نگہداشت اور تعلیم فراہم کرتے ہیں، جو عام طور پر ستمبر سے جون تک ہوتی ہیں۔ نیو یارک شہر کے وہ تمام بچے جو 2019 میں پیدا ہوئے ہیں ان نشستوں کے اہل ہیں۔
- **توسیعی دن اور سال کے لیے نشستیں** مفت یا کم قیمت ہیں اور سال بھر ہر روز 10 گھنٹے تک ابتدائی نگہداشت اور تعلیم کی پیشکش کرتے ہیں۔ ان نشستوں کے لیے اہلیت کی بنیاد خاندان کی آمدنی اور ضروریات پر ہے۔ اگر آپکو ایک توسیعی دن اور سال کے لیے نشست کی ایک پیشکش موصول ہوتی ہے، آپکو اپنے بچے کی اہلیت کی تصدیق بچوں کی نگہداشت کی ایک درخواست کو مکمل کر کے کرنے کی ضرورت ہو گی۔
- **ہیڈ اسٹارٹ نشستیں** مفت ہیں اور سال بھر ہر روز 10 گھنٹے تک ابتدائی نگہداشت اور تعلیم فراہم کرتے ہیں۔ ہیڈ اسٹارٹ کے لیے اہلیت کی بنیاد خاندان کی آمدنی اور ضروریات پر ہے۔ اگر آپ ایک ہیڈ اسٹارٹ نشست کی پیشکش موصول کرتے ہیں، پروگرام آپکے بچے کی اہلیت کی تصدیق کرنے کے لیے آپکے ساتھ ملکر براہِ راست کام کریگا۔

نشستیں محدود ہیں اور درخواست گزاروں کو اپنے اضلاع میں 3-K پروگراموں میں شرکت کرنے کی ترجیح حاصل ہوتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے nyc.gov/3K پر جائیں۔

اپنے MySchools اکاؤنٹ کے ذریعے، آپ پروگراموں کی ترتیب، نشست کی اقسام اور دیگر خصوصیات، بشمول دوہری زبان کے پروگرامز اور بہت کچھ کے لحاظ سے قابلِ تلاش ڈائریکٹری کو استعمال کر کے چھانٹی (فلٹر) کر سکتے ہیں! پسندیدہ پروگراموں کو محفوظ کرنے، اپنی درخواست میں پروگراموں کو شامل کرنے، اور درخواست دینے کے لیے لاگ اِن کریں۔ سوالات ہیں یا معاونت درکار ہے؟

- ہمیں اس پر ای میل بھیجیں ESEnrollment@schools.nyc.gov
- ہم سے 718-935-2009 پر رابطہ کریں۔
- رابطہ کریں یا ایک خاندانی استقبالیہ مرکز میں جائیں۔

نیک تمنائیں،

3-K داخلہ ٹیم، دفتر برائے طالب علم اندراج

**کیا یہ ای میل آپ کو کسی دوست نے بھیجی تھی؟** ہماری 3-K داخلوں کی میل فہرست کے لیے schools.nyc.gov/SignUp پر سائن اپ کرنا یقینی بنائیں۔ اگر آپ ہماری کسی بھی یا تمام ای میل فہرستوں سے مزید ای میلز موصول نہیں کرنا چاہتے ہیں، براہِ کرم اس سے خارج ہونے (آن سبسکرائب کرنے) کے لیے یہاں کلک کریں۔